**14/01/2025**

**07.40 PM**

**Signature Tune**

آداب
یہ آکاش وانی سرینگر ہے۔
اب آپ شیخ تجمل سے خبریں سُنئے

ہیڈ لائنز

☆.......... بھارتی محکمہ موسمیات کے 150 ویں یوم تاسیس پر وزیر اعظم نے کیا مشن موسم کا آغاز۔

☆.......... مسلح افواج کے ویٹرنز ڈے پر وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے اکھنور میں سابق فوجیوں کو کیا شاندار خراج عقیدت ادا۔

☆.......... لیفٹننٹ گورنر اور وزیر اعلیٰ نے قومی سلامتی کی خاطر قربانیاں دینے والے اہلکاروں کی بے مثال خدمات کو سراہا۔

اور

☆..........مکر سانکراتی کے موقعے پر ملک کی اعلیٰ قیادت کی طرف سے عوام کو مبارکباد۔

IMD

وزیراعظم نریندر مودی نے آج نئی دلی میں ''مشن موسم'' کا آغاز کیا، جس کا مقصد بھارت کو کسی بھی طرح کی موسمی صورتحال کا سامنا کرنے کیلئے تیار کرنا اور آب و ہوا کے تعلق سے ایک سمارٹ ملک بنانا ہے۔

وزیراعظم نے نئی دلی میں بھارتی محکمہ موسمیات کے 150 ویں، یوم تاسیس کی تقریب میں مشن کا آغاز کرتے ہوئے ایک یادگاری سکہ اور IMD سے متعلق ویژن دستاویز 2047 بھی جاری کیا۔

تقریب سے ارضیاتی سائنس کے مرکزی وزیر مملکت ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے خطاب کیا۔ انہوں نے موسم کی پیشگوئی کرنے کی بھارت کی صلاحیتوں میں ہوئی اہم پیش رفت کو اُجاگر کرتے ہوئے کہا کہ پچھلے دس سال میں پیشگوئی کے صحیح ہونے میں 50 فیصد بہتری آئی ہے۔ اس موقعے پر عالمی موسمیاتی تنظیم کی سیکریٹری جنرل پروفیسر Celeste Saulo بھی موجود تھیں، جنہوں نے موسمیاتی سائنس میں بھارت کے قائدانہ جذبے کی سراہنا کی۔

ادھر سرینگر میں محکمہ موسمیات کے ڈائریکٹر ڈاکٹر مختار احمد نے شعبہ خبر سے بات کرتے ہوئے جموں و کشمیر میں محکمے کے مستقبل کے منصوبوں کے بارے میں بتایا۔۔۔V/O--Dr.Mukhtar---

مسلح افواج

آج پورے ملک میں آرمڈ فورسز Veterans ڈے منایا جا رہا ہے۔ یہ دن بھارتی فوج کے پہلے سربراہ، فیلڈ مارشل KM Cariappa کی طرف سے انجام دی گئی خدمات کی یاد میں ہر سال 14 جنوری کو مسلح افواج کے سبکدوش اہلکاروں کی قربانیوں اور خدمات کے اعتراف میں منایا جاتا ہے۔

یہ دن منانے کا مقصد فوج کی تینوں شاخوں کے سبکدوش اہلکاروں کی انتھک لگن اور قربانیوں کیلئے انہیں خراج عقیدت ادا کرنے کی غرض سے منایا جاتا ہے، جس کا آغاز 14 جنوری 2017 سے کیا گیا۔ اس کا ایک اور مقصد سبکدوش اور اِن سروس اہلکاروں کے درمیان رشتے کو دوام بخشنا بھی ہے۔

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ ہمارے تجربہ کار فوجی قومی ہیرو ہیں اور حب الوطنی کی ایک زندہ علامت بھی۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں انہوں نے قوم کی حفاظت کیلئے اپنی زندگیاں وقف کرنے والی بہادر خواتین اور مردوں کا شکریہ ادا کیا۔

راجناتھ

اس دن کے سلسلے میں مرکزی وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے آج جموں کے اکھنور میں منعقدہ تقریب میں شرکت کی۔اپنی تقریر میں وزیر دفاع نے قوم کی حفاظت کیلئے اپنی جانیں نچھاور کرنے والے فوجیوں کو شاندار الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا۔ پاکستان کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستانی مقبوضہ کشمیر میں ابھی سرگرم لانچنگ پیڈ موجود ہیں،جن کے خلاف ہم صحیح وقت پر کاروائی عمل میں لائیں گے

------V/O---(Rajnath)---

ہمارے جموں کے نمائندے نعیم گلشن رینہ نے خبر دی ہے کہ وزیر موصوف نے اس موقعے پر 108 فٹ اونچا ایک قومی ترنگا لہرانے کے علاوہ خطے کی مالا مال ثقافت اور تاریخ کو محفوظ کرنے والے اکھنور ثقافتی میوزیم کا بھی افتتاح کیا۔

LG

جموں میں منعقدہ اس تقریب سے لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے بھی خطاب کیا۔منوج سنہا نے کہا کہ وہ مسلح افواج کے تمام خواتین اور مرد جوانوں نیز انکے کنبوں کو سلام پیش کرتے ہیں۔اپنی تقریر میں انہوں نے کہا کہ سرحدوں کی حفاظت پر معمور، سپاہی قوم کی ترقی اور سلامتی کے ضامن ہیں۔

انہوں نے کہا کہ یہ سماج کی اجتماعی ذمہ داری ہے کہ فوجیوں اور سابق فوجیوں کی بہبودی کیلئے ٹھوس اقدام کئے جائیں۔ منوج سنہا نے کہا کہ شہید کا گھر ایک مندر کی مانند ہے،اور یہ احساس واحترام عام انسان کے ذہن میں ہونا چاہیئے۔

-------V/O--(LG)------

تقریب میں وزیراعلیٰ عمر عبداللہ، چیف آف ڈیفنس سٹاف جنرل انیل چوہان اور سینئر فوجی افسران کے علاوہ جموں ، اکھنور، پلان والا، رکھ مٹھی،نوشہرہ اور سندر بنی سے تعلق رکھنے والے زائد از 1 ہزار سابق فوجیوں نے شرکت کی۔

CM

اپنی تقریر میں وزیراعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا کہ سرکار مسلح افواج کی بہبودی کی خاطر عزم کے ساتھ کام کر رہی ہے۔ انہوں نے 9ویں مسلح افواج ویٹرنز ڈے کی تقریب میں فورسز کے اہلکاروں کو انکی خدمات اور قربانیوں کیلئے شاندار خراج ادا کیا۔

وزیراعلیٰ نے مسلح افواج کے اہلکاروں کی انتھک خدمات کو پہچاننے کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ انکی لگن ہی قوم کی خوشحالی اور سلامتی کی بنیاد ہے۔ انہوں نے یقین دلایا کہ سرکار سبکدوش اہلکاروں کے کنبوں کی اعانت کیلئے ہر ممکن مدد فراہم کرے گی۔

وزیراعلیٰ نے سُبکدوش فوجیوں کی اس بات کیلئے بھی سراہنا کی کہ وہ اپنی سروس کے بعد بھی سماج میں ایک اہم رول ادا کر رہے ہیں۔ واضح رہے کہ اکھنور میں منعقدہ یہ تقریب ٹانڈا آٹلری برگریڈ میں منعقد ہوئی۔ میوزیم میں مختلف جنگوں میں استعمال کئے گئے اسلحہ کو نمائش پر رکھا گیا ہے جبکہ کئی جنگی ہیروز کے مجسمے بھی اس میں موجود ہیں۔

سرینگر

ادھر سرینگر میں قائم لائٹ انفنٹری رجمنٹل سینٹر میں بھی سبکدوش فوجیوں کے 9ویں یوم تاسیس پر ایک تقریب منعقد ہوئی۔ اس تقریب سے بھی وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے خطاب کیا۔

یہ تقریب فوج کی پندرویں کور کی زیر قیادت منعقد ہوئی جس میں وکٹر فورس کے جی او سی میجر جنرل دھنن جے جوشی اور جیکلائی رجمنٹل سینٹر کے کمانڈنٹ برگریڈیر وید بینوال کے علاوہ فوج کے سینئر عہدیداران اور سبکدوش مرد اور خاتون اہلکار موجود رہے۔

اس موقعے پر سبکدوش ویروں اور ویر ناریوں کو درپیش مختلف مسائل و مشکلات کی چارہ جوئی اور انکے لئے چلائی جارہی فلاحی اسکیموں کی نسبت سے شرکاء کو جانکاری دی گئی۔

میجر جنرل دھنن جے جوشی نے دوران ڈیوٹی عظیم قربانیاں دینے والے جنگی ہیروز کے تئیں سپاس گذاری کا اظہار کرتے ہوئے خراج ادا کیا۔

ابھیان

ملکی سطح پر سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دینے کیلئے انفرادی و اجتماعی سطح پر کوششیں جاری ہیں۔
وزیراعظم نریندر مودی کا پیغام۔

..................Byte.....(PM)..................

جموں کشمیر میں بھی نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے ہر سطح پر کاوشیں جاری ہیں۔ اس حوالے سے جب ہم نے وادی کے ایک معروف براڈ کاسٹر محمد حُسین ظفر سے بات کی تو انہوں نے کہا۔

.................Byte.....(M.H.Zaffar)....

بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔
خبریں آپ آکاشوانی کے موبائیل اپلیکیشن نیوز آن اے آئی آر اور DTH پر بھی سماعت کر سکتے ہیں۔
خبروں کے بلٹن اور شعبہ خبر کے پروگراموں سے متعلق آپ اپنی آرا اور تجاویز ہمارے ای میل ایڈرس akashvanisrinagarnews@gmail.com پر بھیج سکتے ہیں۔

تحقیقات

انسداد رشوت ستانی بیورو نے سمارٹ سٹی پروجیکٹ سرینگر میں دیوری پتھر، پاتھ ٹائلوں اور لوہے کی گرلوں کو لیکر خرد برد کے سلسلے میں معتبر شکایات ملنے پر متعلقہ پولیس اسٹیشن میں ابتدائی تحقیقات کیلئے ایک معاملہ درج کر لیا ہے۔
پولیس پریس نوٹ کے مطابق سرینگر سمارٹ سٹی لمیٹیڈ کی آرائش و زیبائش کیلئے مقرر کردہ اس تعمیراتی میٹریل کے بارے میں شبہ ظاہر کیا گیا ہے کہ اسے ذاتی مفاد کیلئے اوپن مارکیٹ میں فروخت کیا گیا ہے۔
پولیس نے ساتھ ہی شہر سرینگر میں فورشور روڈ نشاط میں سائیکل ٹریک اور فٹ پاتھ تعمیر کرنے کے کام میں غیر معیاری میٹریل استعمال کرنے کی پاداش میں بھی ایک معاملہ درج کر لیا ہے۔ دونوں معاملات کو لیکر چھان بین جاری ہے۔

پولیس

این ڈی پی ایس معاملات کی تحقیقات کولیکر پولیس اہلکاروں کی صلاحیت سازی کیلئے ضلع پولیس آفس کپوارہ میں آج ایک تربیتی پروگرام منعقد کیا گیا۔تربیتی پروگرام میں ضلعے کے مختلف پولیس تھانوں اور چوکیوں سے تعلق رکھنے والے 20 تحقیقاتی افسروں نے حصہ لیا۔

پروگرام کا مقصد تحقیقاتی افسروں کو این ڈی پی ایس معاملات کی موثر تحقیقات کیلئے انہیں لازمی رہنما خطوط اور طریقہ کار نیز عملایات کے بارے میں ضروری جانکاری دلانا تھا۔

اسی دوران عوام کو درپیش شکایات کے ازالے کیلئے کولگام پولیس نے آج فرصل، میر بازار، ہُم پتھری اور ڈی ایچ پورہ میں PCPG میٹنگوں کا انعقاد کیا۔

میٹنگوں میں متعلقہ تھانوں اور چوکیوں کے سینئر آفیسر موجود رہے، جن میں معزز شہریوں اور متعلقہ علاقوں کے عام لوگوں نیز اوقاف اداروں، چوکیداروں، نمبرداروں اور نوجوانوں کی ایک بڑی تعداد نے شرکت کی۔

آلات

ان دنوں وادی میں سرد موسمی صورتحال کے چلتے لوگ کثرت سے گرمی کے روایتی اور جدید آلات کا استعمال کررہے ہیں ،تاہم ان کے غیر مناسب استعمال سے لوگوں کو بعض اوقات جانی اور مالی نقصانات سے بھی دوچار ہونا پڑ رہا ہے۔

اس ضمن میں گورنمنٹ چسٹ ڈیزیز اسپتال سرینگر میں کنسلٹنٹ ڈاکٹر فردوس امین بٹ نے شعبہ خبر سے بات کرتے ہوئے کہا۔

..................Byte.....(Dr. Firdous Amin)..

قومی

☆..... ملک کے مختلف حصوں میں آج فصل کی کٹائی کے موقعے پر مکرسانکراتی، پونگل، بیہواور اُتر ائن کے تہوار نہایت جوش وخروش کے ساتھ منائے جارہے ہیں۔ان تہواروں سے شکر گذاری کے جذبے اور یکجہتی کی عکاسی ہو تی ہے۔صدر جمہوریہ، نائب صدر جمہوریہ، وزیر اعظم اور دیگر سینئر وزیروں اور اہم شخصیات نے اس موقعے پر عوام کو مبارکباد پیش کی ہے۔

☆..... اُتر پردیش کے پریاگ راج میں جاری مہا کنبھ کا آج دوسرا دن تھا، جہاں سبھی مذہبی رسومات معمول کے مطابق جاری ہیں۔امرت اسنان میں لاکھوں عقیدت منداور سادھوسنت شرکت کررہے ہیں۔

☆..... ملک کے مجموعی براہ راست ٹیکسوں میں رواں مالی سال کے دوران اب تک سولہ فیصد اضافہ درج کیا گیا ہےاور یہ رقم 16 لاکھ 90 ہزار کروڑ روپے تک پہنچ گئی ہے۔وہیں کارپوریٹ ٹیکس کی وصولی تقریباً 10 لاکھ کروڑ روپے ہے۔

کمال

نیشنل کانفرنس نے کہاہے کہ وہ اُن تمام وعدوں کو پورا کرے گی، جو پارٹی نے اپنے انتخابی منشور میں عوام سے کئے ہیں۔شیر کشمیر بھون جموں میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے نیشنل کانفرنس کے معاون جنرل سیکریٹری ڈاکٹر شیخ مصطفیٰ کمال نے کہا کہ بجلی فیس میں کمی ہو یا پھر خط افلاس سے نیچے زندگی بسر کرنے والوں کی مدد ہو، پارٹی اپنے ہر وعدے کو عملی جامہ پہنانے کی کوشش کرے گی اور یہ کہ عوام کی راحت رسانی میں کوئی بھی غفلت نہیں برتی جائے گی۔

انہوں نے کہا کہ نیشنل کانفرنس کے منشور میں 12 ضمانتیں اور 24 وعدے شامل ہیں، جو عوام کی شکایات کو دور کرنے کیلئے ایک نقش راہ ہے۔

مختصر خبریں

☆..... وزیر اعظم نریندر مودی کے اس سال کے ''پرکشا پہ چرچا'' کیلئے طالب علموں، والدین اور اساتذہ کی ایک ریکارڈ تعداد نے اندراج کرایا ہے۔تعلیم کی مرکزی وزارت کے مطابق پروگرام میں شرکت کی غرض سے 3 کروڑ 25 لاکھ اندراجات کرائے گئے ہیں۔

موسم

محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے 24 گھنٹوں کے دوران موسم عام طور پر خشک رہنے کا امکان ہے۔

سرینگر میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 7اعشاریہ 4ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت منفی 4اعشاریہ 2ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جموں میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 19اعشاریہ 9ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 6اعشاریہ 4ڈگری سیلسیس تھا۔

سرینگر میں کل طلوع آفتاب صبح 7بجکر 37منٹ پر اور
غروب آفتاب شام 5بجکر 44منٹ پر ہوگا۔
اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔
خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے
کل صبح 7بجکر 45منٹ پر کشمیری میں نشر ہوگا۔
ہمیں دیجیئے اجازت// خدا حافظ۔